اردو ترجمہ

حق الیقین

جلد دوم

مصنفہ

علامہ سید محمد باقر مجلسی علیہ الرحمۃ

مترجمہ

جناب سید بشارت حسین صاحب

ناشر

مجلس علمی اسلامی
(پاکستان)

اشخاص آپ کے ساتھ ہوں گے اور وہ تاویل جو گذر چکی خدا کے اس قول انّا لننصر رسلنا۔ (یعنی ہم یقیناً اپنے رسُولوں کی مدد کریں گے)۔

اور حسین بن سلیمان نے کتاب تنزیل سے حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے کہ کلّا سوف تعلمون ثم کلا سوف تعلمون یعنی عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا یعنی رجعت میں۔ ثم کلا سوف تعلمون پھر تم جان لوگے یعنی قیامت میں اور محمد بن العباس نے بسند معتبر امام محمد باقر علیہ السّلام سے خدا کے اس قول اِن نشاء ننزل علیہم من السماء آیۃ فظلت اعناقہم لہا خاضعین یعنی اگر ہم چاہیں تو آسمان سے اُن پر ایک آیت (نشانی) نازل کریں جس سے اُس آیت کے لیے اُن کی گردنیں جُھک جائیں ۔۔۔ کے متعلق روایت کی ہے۔ حضرتؑ نے فرمایا کہ بنی اُمیّہ کی گردنیں اس آیت کے لیے ذلیل اور خاشع ہو جائیں گی۔ اور آیت (یعنی نشانی) وُہ ہے کہ علی ابن ابی طالب علیہ السّلام زوال آفتاب کے وقت قرص آفتاب کے نزدیک لوگوں کے لیے ظاہر ہوں گے تاکہ لوگ ان حضرت کو حسب و نسب کے ساتھ پہچانیں۔ اُس وقت حضرتؑ بنی اُمیّہ کو قتل کریں گے۔ یہاں تک کہ اُن میں سے ایک شخص ایک درخت کی آڑ میں چُھپ جائے گا تو درخت گویا ہوگا اور چلاّئے گا کہ بنی اُمیّہ کا ایک آدمی یہاں چُھپا ہوا ہے اس کو بھی قتل کیجیے۔

اور شیخ حسن بن سلیمان نے کتاب ابن ماہیار سے جو شیعوں کے اکابر محدثین میں سے ہیں۔ اُنھوں نے ابو مروان سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت صادقؑ سے خدائے تعالیٰ کے اس قول انّ الّذی فرض علیک القرآن لرادک الی معاد کی تفسیر دریافت کی حضرت نے فرمایا کہ دُنیا ختم نہ ہوگی یہاں تک کہ جناب رسُولِ خداؐ اور امیر المومنینؑ جمع ہوں۔ ثوریہ میں جو کُوفہ میں ایک مقام ہے۔ وہاں ایک مسجد تعمیر کریں گے جس میں بارہ ہزار دروازے ہوں گے نیز سیّد علی ابن طاؤس کی کتاب بشارت سے عمران سے روایت کی ہے کہ دنیا کی تمام عمر ایک لاکھ سال ہے۔ بیس ہزار سال تمام لوگوں کی حکومت ہوگی۔ اور اسّی ہزار سال محمد و آلِ محمد علیہم السّلام کی حکومت ہوگی اور سیّد ابن طاؤس نے کہا ہے کہ ظہیر بن عبداللہ کی کتاب میں اس سے زیادہ واضح روایت میں نے دیکھی ہے۔ اور کامل الزیارت میں مفضل سے انھوں نے حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ نور کی ایک کرسی رکھی جائے گی اور اُس پر یاقوتِ سُرخ کا ایک قبّہ نصب کیا جائے گا جو تمام جواہرات سے مرصّع ہوگا۔ اور حضرت امام حسین علیہ السّلام اُس کرسی پر بیٹھیں گے۔ اُس کرسی نور کے گرد ہزار سبز قبے ہوں گے اور مومنین آئیں گے، اور اُن حضرتؑ کی زیارت کریں گے اور حضرت سلام کریں گے۔ پھر خداوند تعالیٰ اُن سے خطاب فرمائے گا کہ اے میرے دوستو! جو کچھ